# 5۔ الصراط السوی فی احوال المہدی

**سلیبس:** دلائل عقلیہ و فطریہ در ضرورت و وجود امامؑ۔ ایک تا پندرہویں دلیل تک (صفحہ 21 تا 93)

## ماڈل پیپر 2

(تحریری امتحان 20 + شفاھی امتحان 5: کل نمبر 25)

### (حصّہ اوّل)

☆ درج ذیل میں سے کوئی پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں:

1. فطرت عالم اور آثار فطریہ خدا کی کتاب فعلی ہے۔ اسی واسطے خالق عالم خود تمام عالم کو کتاب سے تعبیر کرتا ہے۔ قرآن سے وضاحت کریں؟
2. مستقلات عقلیہ کسے کہتے ہیں؟
3. آپ یہ کیسے ثابت کریں گے کہ شرورات فعل خدا نہیں اور نہ ہی وہ مجعول بالذّات اور مخلوق بالذّات ہیں بلکہ بالعرض ہیں؟
4. آپ کیسے ثابت کریں گے کہ خدا کے بنائے ہوئے قانون تمدن کے لیے ایک مجریٰ یعنی قانون کو اجراء کرنے والے کی ضرورت ہے؟
5. اگر زمانے میں حجت خدا سے انکار کیا جائے تو کیا خرابی لازم آتی ہے؟
6. فطرت عالم میں ہر نوع اپنی ترقی، انتظام و انصرام اور بقاء کے لئے ایک پیرو، نگہبان اور امام رکھتی ہے تو بنی نوع نسان کا کیوں نہیں۔ صحرا اور جنگل، شہد کی مکھیاں، گھر، گاؤں اور شہد کی مثالوں سے وضاحت کریں؟
7. قرآن کی اس آیت "سَنُرِيهِمْ آيَاتِنَا فِي الْآفَاقِ وَفِي أَنفُسِهِمْ" سے آپ کیسے ثابت کریں گے کہ فطرت عالم اور فطرت انسانی دلالت کرتی ہے کہ کوئی جماعت، کوئی نوع، کوئی قوم فطرۃً وجود پیشوا سے خالی نہیں ہو سکتی؟
8. قانون تنازع بقاء کسے کہتے ہیں۔ وضاحت کریں؟
9. ضروری ہے کہ حجۃ اللہ عالم کی اصلاح کرے۔ دنیا ہرگز وجود حجت اور امام زمانہ و مصلح عالم سے خالی نہیں ہے اور نہ ہو سکتی ہے۔ قانون تنازع بقاء کی روشنی میں وضاحت کریں؟
10. وضاحت کریں: صادقین جن کی مطابقت اور معیّت کا اہل اسلام کو حکم ہے وہ امت محمدی میں سے ہیں یا یہود و نصاریٰ یا کسی اور جماعت سے؟
11. صدق مطلق اور صدق جزوی کسے کہتے ہیں؟
12. وضاحت کریں: جس طرح فرد بحیثیت فرد محتاج مربی ہے تو کیا نوع بحیثیت نوع بھی محتاج مربی ہے؟
13. کیا مربی کی تربیت موقوف باعضاء جوارح جسمانیہ ہے کہ مربی ہر انسان کے گھر جا کر اس کو کھلاتا، پلاتا، نہلاتا اور دھلاتا ہے۔ حضرت آدمؑ جو خلیفۃ اللہ ہیں اور مربی نوع بشر ہیں اس صورت سے کس کی تربیت کرتے تھے؟
14. پہلی دلیل تا پانچویں دلیل کا اپنے لفظوں میں مختصراً خلاصہ بیان کریں؟

### (حصّہ دوم)

☆ درج ذیل میں سے کوئی پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں:

1. نوع بشر کے لیے ایک معلم کا وجود بالفطرت ہر زمانے میں ضروری ہے وضاحت کریں۔ نیز یہ بھی بتائیں کہ اسے کن اوصاف کا مالک ہونا چاہیے؟
2. جب ایک لاکھ چوبیس ہزار نبی و اولیاء گزر چکے اور حضرت محمدؐ پر رسالت ختم ہو چکی پھر اب کسی امام کی کیوں ضرورت ہے؟
3. "إِنَّ اللّٰهَ خَلَقَ آدَمَ عَلَىٰ صُوْرَتِهٖ" تحقیق کہ اللہ نے آدمؑ کو اپنی صورت پر بنایا۔ کیا اس صورت سے صورت و شکل ظاہری و جسمانی مراد ہے؟
4. جس وقت پیغمبرؐ نے انتقال فرمایا تو اس وقت لوگوں کی تین قسمیں کون کون سی تھیں؟
5. اگر یہ کہا جائے کہ کسی مسلمان کی یا کسی صحابی کی بھی اقتدا کر لی جائے تو نجات یافتہ ہے۔ کیا یہ عقیدہ درست ہے؟
6. اگر شیطان کے ہوتے ہوئے اس کے مدِّمقابل وجود ہادی تسلیم نہ کیا جائے تو انسان شرارت پر مجبور سمجھا جائے گا۔ خدا کا شیطان کو موجود رکھنا اور مہلت دینا بدی کی ترغیب دینا ہوگا۔ لہٰذا زمانے کی فطری ضروریات میں سے ہے کہ ہر قوم کے لیے ایک ہادی ہو، قرآن سے ثابت کریں؟

7. کیا ہادی کے لیے ضروری ہے کہ شکم مادر سے عالم بلکہ علیم پیدا ہو، اس کا علم اللہ کی وحی اور الہام سے ہو۔ علم لدنی اور وہبی رکھتا ہو۔ جواب میں کم از کم قرآن کی دو آیات کا حوالہ ضرور دیں؟
8. حقیقت قرآن، الفاظ و اصوات یا خطوط و نقوش یا تصورات ذہنیہ نہیں ہیں بلکہ ایک حقیقت علمیہ نورانیہ ہے جو وجود محمدی میں ہے، وضاحت کریں؟
9. لَا یَمَسُّهٗۤ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ سے کیا مراد ہے؟
10. چھٹی دلیل تا دسویں دلیل کا خلاصہ مختصراً اپنے لفظوں میں بیان کریں؟

## (حصہ سوم)

☆ درج ذیل میں سے کوئی پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں:

1. ”نبی کا بشیر و نذیر ہونا اور درجہ رفیعہ کا عطا ہونا ایک روح خاص پر موقوف ہے جو عطیہ خاصہ الٰہیہ ہے اور وہ عالم امر سے ہے نہ کہ عالم خلق سے“ قرآن کی روشنی سے ثابت کریں؟
2. کوئی نبی روح علمی سے خالی و عاری نہیں ہوتا، اصطلاح شرح اور قرآنی محاورے میں اس کو کتاب وجودی سے تعبیر و تفسیر کیا جاتا ہے، قرآن کی روشنی میں وضاحت کریں؟
3. اگر کتاب اللہ موجود ہے اور آیت امامت ابراہیمی کتاب خدا میں مذکور ہے تو ضرور امام ذریت ابراہیم علیہ السلام اور عترت خاتم النبیینؐ موجود مسلم ہے، قرآن سے وضاحت کریں؟
4. خدا اس لیے عذاب نہیں بھیجتا کہ پیغمبرؑ ان میں ہے ”وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَاَنْتَ فِيْهِمْ“ لیکن وجود ظاہری پیغمبری امت محمدیؐ میں اب موجود نہیں ہے پھر عذاب کیوں مرفوع ہے یا تو یہ کہا جائے کہ (معاذاللہ) آیت درست نہیں ہے یا یہ تسلیم کرنا پڑے گا کہ اب بھی پیغمبرؑ بوجود ظاہری موجود ہیں، وضاحت کریں؟
5. اطاعت جزیہ اور اطاعت مطلقہ کی وضاحت قرآن و حدیث کی روشنی میں کریں؟
6. عالم دو ہیں عالم خلق اور عالم امر، قرآن کی روشنی میں وضاحت کریں؟
7. کیا فخر الدین جیسے علماء و مفسرین کا یہ کہنا کہ ”وجود معصوم ثابت نہیں اس لیے اولی الامر سے مراد اجماع ہے“ درست ہے اگر نہیں تو آپ کیا کہتے ہیں؟
8. خدا نے جھوٹے مدعیوں اور شیاطین کو کیوں مہلت دے رکھی ہے، وہ انہیں ہلاک کیوں نہیں کر دیتا، اس میں خدا کی کیا مشیت ہے۔ آیت کے حوالے سے بات کریں؟
9. قرآن کی کون سی آیت سے واضح ہوتا ہے کہ جو کوئی اپنی طرف سے کسی کو امام، نبی یا پیشوا بنائے وہ مشرک ہے؟
10. عدل الہیٰ اور قانون قدرت کا تقاضا ہے کہ اگر دنیا میں ایسے لوگ ہیں جن پر شیاطین نازل ہو کر القاء کرتے ہیں اور وہ لوگوں کی گمراہی کا باعث ہوتے ہیں تو دنیا میں ان کے مقابل ہمیشہ کچھ ایسے نفوس رہیں جو مورد وحی اور مہبط ملائکہ ہوں اور وہ اپنی قدرت روحانی و باطنی سے مومنین کے دلوں کو ان کی گمراہی سے بچائیں۔ ورنہ انسان کفر پر مجبور یا کم از کم معذور ہوں گے اور حجت خدا قائم نہ ہوگی۔ قرآن کی روشنی میں بیان کریں؟
11. آپ قرآن سے کیسے ثابت کریں گے کہ اللہ نے انبیاءؑ میں ایک خاص روح (روح قدس) عطا فرمائی ہے یہی روح عام انسانوں اور نبی میں مابہ الامتیاز ہے اس کے علم کا ذریعہ اور وسیلہ یہی روح ہوتی ہے جس کا اثر وحی الہام ہے بغیر اس روح کے وہ وحی الہام نہیں ہو سکتا نبی اس روح کے آثار سے پہچانا جاتا ہے کہ اس میں یہ روح موجود ہے نبی میں آثار علم اور تصرفات علمیہ اس روح کی وجہ سے ہوتے ہیں یہی روح حامل وحی ہے یہی بار نبوت و امامت برداشت کر سکتی ہے؟
12. گیارھویں دلیل تا پندھویں دلیل کا خلاصہ مختصراً اپنے الفاظ میں بیان کریں؟

## شفاھی امتحان۔Viva (یہ امتحان یونیورسٹی انتظامیہ لے گی)

(1) پہلی دلیل تا پندھویں دلیل کا خلاصہ۔　　(2) پہلی دلیل تا پندھویں دلیل کی معروضی۔

# 6۔ کشف الاسرار

**سلیبس:** روح القدس کا ثبوت احادیث سے تا اظہار نبوت و بعثت انبیاءؑ (صفحہ 36 تا 57)

## ماڈل پیپر 2

(تحریری امتحان 20 + شفاھی امتحان 5: کل نمبر 25)

☆ درج ذیل میں سے کوئی دس سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں:

**1.** "عن مفضل ؓ عن ابی عبداللہ ؑ قال یا مفضل ان اللہ تبارك وتعالی جعل للنبی خمسة ارواح روح الحیوة فیه رب ودرج وروح القوة فیه نهیض وجاهد وروح الشهوة فیه اکل وشرب واتی النساء من الحلال وروح الایمان فیه امر وعدل وروح القدس فیه حمل النبوة (الی ان قال) وروح القدس لاینام ولا یغفل ولا یلهر ولا ربعة الارواح تنام وتلهو وتغفل وتسهو وروح القدس ثابت یری به فی شرق الارض وغربها وبرها وبحرها"

مذکورہ حدیث کا ترجمہ کریں نیز اس حدیث کی روشنی میں جواب دیں:

(i) اللہ نے نبی کے لیے کون کون سی پانچ روحیں بنائی ہیں؟　(ii) مومنین میں کون کون سی چار روحیں ہوتی ہیں؟

**2.** جب مومن میں چار روحیں اور کافر میں تین یعنی کافر کو روح ایمان نہیں دی گئی تو پھر کافر اگر کفر کر رہا ہے تو اس میں اس کا کیا قصور کیونکہ اس میں تو روح ایمان ہی نہیں ہے، آپ کیا جواب دیتے ہیں؟

**3.** انسان اور حیوان کے درمیان اصل ممیّز کون ہے۔ نیز یہ بھی بتائیں کہ ان دونوں کے درمیان فصل ممیّز کیا ہے؟

**4.** نبی اور انسان کے درمیان اصل ممیّز کون ہے۔ نیز ان دونوں کے درمیان فصل ممیّز کیا ہے؟

**5.** حضرت آدمؑ، حضرت ابراہیمؑ، حضرت موسیٰؑ اور حضرت عیسیٰؑ کی ولادت کے حالات کی روشنی میں وضاحت کریں کہ انبیاءؑ کی خلقت و سرشت عام انسانوں سے علیحدہ ہے یہ عالم امر سے ہیں عالم خلق سے نہیں؟

**6.** کتاب تشریعی کل چار کہلاتی ہیں تورات، زبور، انجیل، فرقان (قرآن مجید) اور اگر تمام رسولوں کے لیے ایک ایک صحیفہ فرض کیا جائے تو تعداد تین سو تیرہ سے زائد نہ ہوگی مگر آیت فَبَعَثَ اللّٰهُ النَّبِيِّيْنَ مُبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ وَاَنْزَلَ مَعَهُمُ الْكِتٰبَ (بقرہ آیت ۲۱۳) بتلاتی ہیں کہ کل نبی جو گزرے ہیں سب کو ایک کتاب دی گئی ہے کیا ایک لاکھ چوبیس ہزار کتابیں ماننا پڑیں گی۔ آپ کیا کہتے ہیں؟

**7.** حضورؐ کی ولادت کے وقت جو معجزات و عجیب و غریب افعال ظاہر ہوئے ان میں سے چند کا تذکرہ کریں نیز یہ بھی بتائیں کہ وہ معجزات اور عجیب و غریب افعال حضورؐ میں کس چیز کے آثار تھے؟

**8.** درج ذیل عبارت سے اہم نکات تحریر کریں؟

"ظرف کا مطابق مظروف اور محل کا مناسب حال ہونا ضروری ہے اس لیے انبیاءؑ کا مادہ بھی خاص مادہ نورانیہ ہوتا ہے اور اس روح قدس اور مادہ نورانیہ کے اثرات خاصہ و کمالات فعلیہ انبیاء علیہم السلام سے روز ولادت ہی سے ظاہر ہوتے ہیں اور وہ ہی دلالت کرتے ہیں اس کی نبوت پر اور وہ روح، روح علمی ہوتی ہے اور اس کے عطا ہوتے ہی نبی عالم ہو جاتا ہے اور نبی ماں کے پیٹ سے عالم پیدا ہوتا ہے، کتاب علمی وجودی اس کے ساتھ ہوتی ہے اور جو باتیں اس کے ماتحت انواع میں بالقوہ ہوتیں ہیں وہ اس میں بالفعل ہوتی ہیں مع شی زائد"۔

**9.** "روح قدس اپنی جملہ ماتحت انواع واجناس سے قوی تر و کامل ہے کیونکہ اس کو خدا سے وہ تعلق خاص و اتصال منزلتی حاصل ہے جو اور کسی کو نصیب نہیں اور یہ روح ایسی اشد و قوی و اکمل ہے کہ اس کو بلا اسباب وآلات خارجہ موجودات ارضی و سماوی کا علم اور ان میں حق تصرف حاصل ہوتا ہے کہ دوسرے انسان یقینا ایسا کرنے سے عاجز ہیں لہٰذا اس کو خدا نے وہ علم و قدرت دی ہے جو دوسروں کو نہیں"

مذکورہ عبارت کی روشنی میں چند مثالیں بیان کریں کہ انبیاءؑ نے بغیر اسباب وآلات خارجیہ کے زمین اور آسمان کے موجودات میں تصرف کیا ہو؟

**10.** کیا یہ ضروری ہے کہ خلیفہ خدا متصف باوصاف خداوندی ہو، وضاحت کریں؟

**11.** حضرت عیسیٰؑ نے گہوارے ہی میں کہا کہ میں نبی ہوں اور حضورؐ نے اپنی نبوت کا اظہار چالیس سال بعد کیا۔ کیا اس سے حضرت عیسیٰؑ کی حضورؐ پر فضیلت ثابت نہیں ہوتی؟

**12.** اللہ نے قرآن میں نبی "رَجُلٌ مِّثْلُکُمْ" یا "اِنْسَانٌ مِّثْلُکُمْ" نہیں کہا بلکہ "بَشَرٌ مِّثْلُکُمْ" کہا ہے اس سے کس بات کی طرف اشارہ ہے؟

**13.** قرآن سے ثابت کریں کہ کچھ نفوس عالیہ ایسے بھی تھے جنہیں آدمؑ کو سجدہ کرنے کا حکم نہیں تھا؟

**شفاھی امتحان۔Viva** (یہ امتحان یونیورسٹی انتظامیہ لے گی)

☆ مجوزہ سلیبس کی معروضی میں سے سوالات۔

## 7۔ تاریخ اسلام

**ماڈل پیپر** 2    **سلیبس:** دوسری فصل صفحہ 48 تا 62    (تحریری امتحان 20 + شفاھی امتحان 5: کل نمبر 25)

☆ درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں۔

**1.** بدو عرب میں وحشیانہ عادت اور لوٹ مار کے باوجود اچھی عادتیں بھی تھیں ان میں سے چند کا ذکر کریں؟

**2.** حجاز کے عرب تہذیب اور کلچر سے دور فکری جمود میں گرفتار تھے۔ وہ چیزوں کے درمیان نسبت کو نہیں سمجھ سکتے تھے۔ چیزوں کی منطقی تحلیل اور تجزیہ نہیں کر سکتے تھے اور نہ ہی علت و معلول کے درمیان موجود رابطے کو پوری طرح سمجھ سکتے تھے لہٰذا وہ مختلف خرافات اور موہومات کا شکار ہو گئے تھے۔ ان میں سے چند کا ذکر کریں؟

**3.** بدو عرب مختلف علوم مثلاً طب، ستارہ شناسی، قیافہ شناسی وغیرہ کو کس حد تک جانتے تھے؟

**4.** ظہور اسلام کے وقت قریش اور یثرب (مدینہ) کے دو بڑوں قبیلوں اوس اور خزرج میں کتنے کتنے لوگ پڑھنا لکھنا جانتے تھے۔ بلاذری کی کتاب فتوح البلدان کی روشنی میں وضاحت کریں؟

**5.** عربوں میں خطابت اور شعر و شاعری کی کیا اہمیت ہے۔ منتخب شدہ اشعار کو اعزاز کے طور پر کہاں لٹکاتے تھے نیز "معلقات سبعہ" کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

**6.** زمانہ جاہلیت کے علم و دانش کو اپنے پڑوسیوں سے حاصل نہیں کیا کرتے تھے کیونکہ انہیں کچھ رکاوٹیں درپیش تھیں۔ ان میں سے چند کا ذکر کریں؟

**7.** ایران اور روم کے مقابلے میں عرب کی کمزوری اور پستی کسی حد تک تھی، بیان کریں؟

**8.** حجاز میں دور جاہلیت ظہور اسلام سے قبل کتنے سال کے عرصے کو کہتے ہیں؟

**شفاھی امتحان۔Viva** (یہ امتحان یونیورسٹی انتظامیہ لے گی)

☆ سلیبس کی مجوزہ معروضی میں سے سوالات۔

## 8۔ معاشرت اسلامی

**سلیبس:** باب 4(حصہ دوم)۔ باب 5۔ باب6۔ باب7۔ باب8(اول و دوم)

**ماڈل پیپر** 2    (تحریری امتحان 20 + شفاھی امتحان 5: کل نمبر 25)

**1.** درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ کے مختصر جوابات تحریر کریں:

ا۔ چاول بھنے ہوئے، چنے، مسور، باقلہ، لوبیہ اور ماش کا ایک ایک فائدہ تحریر کریں؟

۲۔ اگر ایک مومن خود آئے تو اس کی ضیافت کیسے کی جائے اور اگر اسے بلایا جائے تو پھر کیسے؟

۳۔ فرمان رسولؐ کے مطابق کس گھر میں فرشتے نہیں آتے؟

۴۔ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے پانی پینے کے کیا آداب بیان فرمائے ہیں اور جب پانی پی لیں تو کون سی دعا پڑھنی چاہیے؟

۵۔وہ کون سا میوہ ہے جس کے 21 دانے بطور ناشتہ کھانے سے سوائے موت کے ہر بیماری کا علاج ہے؟
۶۔وہ کون سا میوہ ہے جو بہشت کے میوؤں میں سب سے زیادہ مشابہ ہے جس کے کھانے سے بواسیر ،درد قولنج اور منہ کی بد بو دور ہوتی ہے،ہڈیاں مضبوط اور بال لمبے ہوتے ہیں؟
۷۔وہ کونسی سبزی ہے جو درد سر کے لیے مفید ہے؟
۸۔جب کسی دوسرے شہر میں جائیں تو حضورؐ نے سب سے پہلے کس سبزی کو کھانے کی تاکید کی۔تاکہ بیماریوں سے محفوظ رہا جاسکے؟
۹۔حضرت امام محمد باقرؑ کے مطابق برادر مومن کو خوشنودی خدا کے لیے کھانا کھلانے میں کتنا ثواب ہے؟
۱۰۔اگر پانی ایک ہی مرتبہ پی لیا جائے تو کون سی بیماری پیدا ہوتی ہے؟

**2**۔درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ کے مختصر جوابات تحریر کریں:
۱۔حضرت امام جعفر صادقؑ نے مسواک کے 12 فوائد بیان فرمائے وہ کیا ہیں؟
۲۔داڑھی رکھنے کے کم از کم مقدار کیا ہے اور ایک مشت سے زیادہ داڑھی رکھنے پر حضرت جعفر صادقؑ کا کیا فرمان ہے؟
۳۔رسولؐ خدا کے فرمان کے مطابق مردوں اور عورتوں کے ناخن کاٹنے میں کیا فرق ہے؟
۴۔آنکھوں کے مریض کے لیے حضرت امام رضاؑ نے کیا علاج تجویز کیا؟
۵۔حضرت امام موسیٰ کاظمؑ نے کھڑے ہو کر کنگھا کرنے کے متعلق کیا فرمایا؟
۶۔مردوں کی طرح سر کے بالوں کو اکٹھا کر کے آگے کی طرف یا پیچ میں یا کنپٹیوں کی طرح گرہ دے کر لٹکانے کی کس عورت کو ممانعت ہے؟
۷۔حضرت امام موسیٰ کاظمؑ نے کون سی چار چیزوں کا ذکر فرمایا: جو وسوسہ شیطانی میں سے ہیں؟
۸۔حضور اکرمؐ نے ناخن دانتوں سے کاٹنے کے بارے میں کیا فرمایا؟

**3**۔درج ذیل سوالات میں کوئی سے پانچ کے مختصر جوابات تحریر کریں:
۱۔ہندوستان میں خوشبوئیں زیادہ ہونے کی دو روایتیں بیان ہوئیں وہ کیا ہیں؟
۲۔حضور پاکؐ نے عورتوں اور مردوں کے لیے کون سے خوشبو تجویز فرمائی؟
۳۔کیا مرد اور عورت کو ہر روز اپنے جسم پر تیل لگانا چاہیے فرق واضح کریں؟
۴۔اگر مسلمان عورت خوشبو لگائے تو کس کے لیے؟
۵۔جو عورت خوشبو لگا کر گھر سے نکلے رسولؐ خدا نے اس کے لیے کیا دعا فرمائی؟
۶۔اگر کوئی شخص آنحضرتؐ کے پاس خوشبو اور شیرینی لاتا تو کیا آپ قبول کرتے یا رد کر دیتے تھے؟
۷۔وہ کونسا روغن (تیل) ہے جو سردیوں میں گرم اور گرمیوں میں ٹھنڈا ہوتا ہے؟
۸۔چنبیلی کا تیل کتنی بیماریوں کو رفع کرتا ہے؟

**4**۔درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ کے مختصر جوابات تحریر کریں:
۱۔ایک شخص جو بیمار ہو کر ہڈیوں کا ڈھانچہ ہو گیا تھا اس نے چاہا کہ وہ موٹا ہو جائے تو حضرت امام رضاؑ نے کیا نصیحت فرمائی؟
۲۔حمام جانے سے پہلے ایک شخص کو نہار منہ جانا چاہیے یا کچھ کھا کر جانا چاہیے یا پیٹ بھر کر کھانا کھا کر جانا چاہیے اس سلسلے میں حضرت امام جعفر صادقؑ نے کیا تعلیم دی ہے؟
۳۔رسولؐ خدا نے لبوں اور بغل کے بال بڑھانے سے کیوں منع فرمایا؟
۴۔رسول اکرمؐ کے نزدیک وہ کون سی 5 چیزیں ہیں جن سے جذام پیدا ہوتا ہے؟
۵۔انسان پر کتنے اور کون کون سے غسل واجب ہیں؟

۶۔زیرآسمان، نہروں یاندیوں میں ننگے نہانے کے متعلق حضورؐ نے کیافرمایا ہے؟
۷۔ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے حمام سے نکلتے ہوئے سر پر عمامہ باندھنے کی کیا وجہ بیان کی؟
۸۔اگر کسی شخص کے جسم میں حرارت بڑھ جائے تو وہ حمام میں جاکر حرارت کیسے دور کر سکتا ہے؟
۹۔اگر کوئی شخص حمام میں کسی کی برہنگی دیکھے تو حضور اکرمؐ نے اس کے لیے کیا دعافرمائی؟
۱۰۔حمام میں پیشاب کرنے کا کیا حکم ہے؟
۱۱۔بغلوں وغیرہ کے ناپاک بالوں کو اگر چالیس روز سے زیادہ عرصہ گزر جائے تو حضورؐ پاک نے ایسے لوگوں کے لیے کیا حکم فرمایا ہے؟

**5**۔درج ذیل سوالات میں کوئی سے پانچ کے مختصر جوابات تحریر کریں:
۱۔دن میں کس وقت سونا مکروہ ہے؟
۲۔ قیلولہ کسے کہتے ہیں کیا یہ سنت ہے یا واجب؟
۳۔وہ کون سی سورتیں ہیں اگر سونے سے پہلے انہیں پڑھ لیا جائے تو حضرت صاحب العصر علیہ السلام کی زیارت ہوتی ہے؟
۴۔اگر کوئی شخص چاہے کہ اللہ اس کے لیے جنت میں مکان بنوائے تو ایسے شخص کو امام جعفر صادق علیہ السلام نے کیا پڑھنے کی تعلیم دی ہے؟
۵۔اگر کوئی شخص سونے کی حالت میں ڈرتا ہو تو اسے کیا پڑھنا چاہیے؟
۶۔اگر کوئی شخص پریشان خواب دیکھے تو اسے کروٹ بدل کر کون سی دعا پڑھنی چاہیے؟
۷۔امام محمد باقر علیہ السلام کے نزدیک کون سا سونا بیوقوفی، کونسا سونا نعمت، کونسا سونا حماقت اور کون سا سونا روزی سے محرومی ہے؟
۸۔ حضرت امیر المومنین علیہ السلام نے مسلمانوں کے لیے حالت جنب میں سونا یا بغیر وضو سونا کیوں مناسب نہیں سمجھا آپ نے اس کی کیا دلیل دی؟
۹۔سونے سے پہلے کے کوئی سے تین آداب بیان کریں؟
۱۰۔اگر کسی شخص کو نیند نہ آئے تو وہ کیا پڑھے؟

**6**۔درج ذیل سوالات میں کوئی سے پانچ کے مختصر جوابات تحریر کریں:
۱۔بعض خواب سچے ہوتے ہیں اور بعض سچے نہیں ہوتے۔ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام اور حضرت امام علی علیہ السلام نے کیا وضاحت فرمائی؟
۲۔جب مومن سوتا ہے تو اس کی روح آسمان کی طرف پرواز کرکے کس مقام پر جاتی ہے کیا پوری روح جاتی ہے اگر ایسا ہی ہو تو روح کے بدن سے جدا ہونے سے انسان مر کیوں نہیں جاتا حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام اور حضرت علی علیہ السلام کے فرمان سے وضاحت کریں؟
۳۔ معصومؑ نے کس شخص سے خواب کی تعبیر دریافت کرنے کی تلقین کی ہے؟
۴۔ حضور اکرمؐ کے فرمان کے مطابق خواب کی تعبیر کیسے کرنے چاہیے عورت کے خواب کا واقعہ بھی بیان کریں؟
۵۔حدیث رسولؐ کے فرمان کے مطابق وہ کون سے تین کام ہیں جن کے علاوہ رات کو جاگنا اچھا نہیں؟
۶۔وہ کون سی باتیں ہیں جن کی محبت میں لوگوں نے اللہ کی نافرمانی کی؟
۷۔سورج کی طرف منہ کرکے سونا یا لیٹنا کیا حکم رکھتا ہے؟ نیز کون کون سے بیماریاں پیدا ہوتی ہیں؟
۸۔اگر ٹھنڈے پانی سے استنجا کیا جائے تو کون سی بیماری دور ہوتی ہے؟
۹۔ان محترم چیزوں کے نام بتائیں جن سے استنجا کرنا حرام ہے؟
۱۰۔پاخانہ پھرتے وقت مسواک کرنے اور بولنے کا کیا حکم ہے؟
۱۱۔اگر کسی شخص کے متعلق کوئی کام ہو اور یہ خوف ہو کہ پاخانہ سے باہر نکلنے تک وہ ہاتھ سے نکل جائے تو کیا کرنا چاہیے؟
۱۲۔ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے پیشاب کے تقریباً 9 مکروہات کا ذکر فرمایا ان میں سے کوئی سے پانچ بیان کریں؟

**شفاہی امتحان۔Viva**　(یہ امتحان یونیورسٹی انتظامیہ لے گی)

☆ مجوزہ سلیبس کی بنیادی باتوں میں سے سوالات۔